ONE NATION
ONE PASSION
DOMESTIC CRICKET SEASON 2022-23

# ڈومیسٹک کرکٹرز کی میچ فیس اور ماہوار وظیفے کی رقم میں اضافہ

**کراچی،24 ستمبر2022ء:**

پاکستان کرکٹ بورڈ نے ڈومیسٹک کرکٹ میں بہتری لانے اور اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں کو نوازنے سے متعلق اپنی پالیسی کے تحت نئے ڈومیسٹک کنٹریکٹ میں کھلاڑیوں کی میچ فیس اور ماہوار وظیفے کی رقم میں اضافے کا اعلان کردیا ہے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کی جانب سے یہ اعلان بورڈ آف گورنرز کے اجلاس کے بعد کیا گیا ہے۔

پی سی بی کے بی او جی کا70 واں اجلاس آج کراچی میں ہوا۔ اعلان کردہ نیاڈومیسٹک کنٹریکٹ ستمبر 2022 سے اگست 2023 تک لاگو ہوگا۔ اس سے قبل چیئرمین پی سی بی رمیز راجہ نے عہدہ سنبھالتے ہی پانچوں کٹیگریز میں شامل تمام ڈومیسٹک کرکٹرز کے ماہوار وظیفے کے رقم میں ایک ایک لاکھ روپے بڑھانے کا اعلان کیا تھا۔

حالیہ اضافے کے بعد قائداعظم ٹرافی کھیلنے والے کھلاڑیوں کی میچ فیس 60 ہزار سے بڑھاکر ایک لاکھ روپے کردی گئی ہے۔ اسی طرح پاکستان کپ اور نیشنل ٹی ٹونٹی کی میچ فیس کو بڑھاکر بالترتیب 40 ہزار اور 60 ہزار روپے مقرر کردیا گیا ہے۔

ڈومیسٹک ٹیموں میں شامل نان پلیئنگ ممبرز کی ریڈ بال کی میچ فیس 16 ہزار سے بڑھاکر 40 ہزار روپے مقرر کردی گئی ہے۔ اسی طرح وائیٹ بال کرکٹ کے میچز میں شریک ڈومیسٹک ٹیموں کے نان پلیئنگ ممبرز کی میچ فیس 4 ہزار روپے سے بڑھاکر 20 ہزار روپے کردی گئی ہے۔

اسی طرح نان فرسٹ کلاس فورڈے کرکٹ ایسوسی ایشنز چیمپئن شپ کی میچ فیس 25 سے بڑھا کر 40 ہزار روپے کر دی گئی ہے۔ وائیٹ بال کرکٹ ایسوسی ایشنز چیلنج اور کرکٹ ایسوی ایشنز ٹی ٹونٹی کی میچ فیس 15 سے بڑھا کر 25 روپے مقرر کر دی گئی ہے۔ ریڈ اور وائیٹ بال کھیلنے والے نان پلیئنگ ممبرز کو اب بالترتیب 10 اور 15 ہزار روپے ملیں گے۔

لہٰذا اب ڈومیسٹک کنٹریکٹ کی اے پلس کٹیگری میں شامل کھلاڑی کو مجموعی طور پر 61 لاکھ اور ڈی کٹیگری میں شامل کھلاڑی کو 43 لاکھ روپے کا معاوضہ ملے گا۔ اس میں نئی میچ فیس اور ماہوار وظیفے کی رقم میں کیا گیا اضافہ شامل ہے۔ اس رقم میں پی سی بی کے کسی بھی ایونٹ کی انعامی رقم شامل نہیں ہے۔ قائداعظم ٹرافی کی انعامی رقم ایک کروڑ 70 لاکھ روپے ہے، جس میں سے ایک کروڑ روپے قائداعظم ٹرافی جیتنے والی ٹیم کو دیا جائیں گے۔۔

پاکستان کپ کی انعامی رقم 50 لاکھ روپے مقرر کر دی گئی ہے۔ اسی طرح نیشنل ٹی ٹونٹی کی انعامی رقم 87 لاکھ روپے مقرر کی جاچکی ہے۔

کرکٹ ایسوسی ایشنز چیمپئن شپ، کرکٹ ایسوسی ایشنز چیلنج، کرکٹ ایسوسی ایشنز ٹی ٹونٹی میں شرکت کرنے والے کھلاڑی اب ڈیلی الاؤنس، ماہوار وظیفہ اور میچ فیس کی مد میں تقریباً 11 لاکھ روپے کمائیں گے۔

**ندیم خان، ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس پی سی بی:**

ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس ندیم خان کا کہنا ہے کہ ڈومیسٹک کرکٹ پاکستان کرکٹ کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے اور وہ اس برانڈ کی پذیرائی کے لیے ہر ممکن سرمایہ کاری کریں گے۔ اس ضمن میں وہ سفارشات جمع کروانے پر بی او جی کے مشکور ہیں۔

انہوں نے کہا کہ پاکستان کے ایلیٹ کرکٹرز نے حال ہی میں ڈومیسٹک کرکٹ کی سہولیات پر خوشی کا اظہار کیا اس تناظر میں میرٹ کی بنیاد پر تقرریاں کی گئی ہے۔ وہ پی سی بی کی جانب سے اعلیٰ معیار کی براڈکاسٹ کوریج، میرٹ کی بنیاد پر سلیکشن اور شاندار لاجسٹک معاملات کی گفتگو کر رہے ہیں۔

## نئے ڈومیسٹک کنٹریکٹ کی تفصیلات:

A+ (15 players) – PKR300,000 (up by PKR50,000)
A (35 players) – PKR200,000 (up by PKR15,000)
B (48 players) – PKR185,000 (up by PKR10,000)
C (70 players) – PKR170,000 (up by PKR5,000)
D (24 players) – PKR150,000 (up by PKR10,000)

**2022-23 domestic events match fee:**

Quaid-e-Azam Trophy – PKR100,000 (11 playing members each); PKR24,000 (five non-playing members each)
Pakistan Cup – PKR60,000 (11 playing members each); PKR20,000 (five non-playing member each)
National T20 – PKR60,000 (11 playing members each); PKR20,000 (five non-playing member each)
CA Championship – PKR40,000 (11 playing members each); PKR10,000 (five no-playing members each)
CA Challenge – PKR40,000 (11 playing members each); PKR10,000 (five non-playing members each)
CA T20 – PKR40,000 (11 playing members each); PKR10,000 (five non-playing members each)

**Projected earnings (after 30 Quaid Trophy, Pakistan Cup and National T20 league matches and without taking into account additional knockout matches and prize moneys)**:

| کٹیگری | ماہوار وظیفہ | میچ فیس | ڈیلی الاؤنس | ٹوٹل |
|---|---|---|---|---|
| A+ | PKR3,600,000 | PKR2,200,000 | PKR300,000 | PKR6,100,000 |
| A | PKR2,400,000 | PKR2,200,000 | PKR300,000 | PKR4,900,000 |
| B | PKR2,220,000 | PKR2,200,000 | PKR300,000 | PKR4,720,000 |
| C | PKR2,040,000 | PKR2,200,000 | PKR300,000 | PKR4,540,000 |
| D | PKR1,800,000 | PKR2,200,000 | PKR300,000 | PKR4,300,000 |

**Projected earnings (after 30 CA Championship, CA Challenge and CA T20 matches)**:

| کٹیگری | ماہوار وظیفہ | میچ فیس | ڈیلی الاؤنس | ٹوٹل |
|---|---|---|---|---|
| A+ | PKR3,600,000 | PKR900,000 | PKR240,000 | PKR4,740,000 |
| A | PKR2,400,000 | PKR900,000 | PKR240,000 | PKR3,540,000 |
| B | PKR2,220,000 | PKR900,000 | PKR240,000 | PKR3,360,000 |
| C | PKR2,040,000 | PKR900,000 | PKR240,000 | PKR3,180,000 |
| D | PKR1,800,000 | PKR900,000 | PKR240,000 | PKR2,940,000 |

-ENDS-

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Pakistan team media and digital manager
E: Ibrahim.Badees@pcb.com.pk
M: + 92 (0) 304 097 8327
W: www.pcb.com.pk

## ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

